پندرہ روزہ

الہلال

ٹورانٹو ۔ کنیڈا

قیمت ۵۰ سینٹ

جلد نمبر ۱۲ — شمارہ نمبر ۱۷

بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

۲۵ نومبر ۱۹۸۳ — ۲۰ صفر ۱۴۰۴

بھارت کی تین چوتھائی فوج کا رخ پاکستان کی طرف ہے ضیا

جموں و کشمیر کے مسئلہ کو مجموعی طور پر حل کرنا چاہیے

سویلین حکومت آنے کے بعد میرا سیاست میں رہنے کا کوئی ارادہ نہیں ۔ بھارتی جریدے کو انٹرویو

پاکستان میں شخصی حکومت امریکی اپنے مفادات کیلئے بہتر سمجھتے ہیں

لندن

پاکستان کے مختلف شہروں میں متعدد افراد کو گرفتار کر لیا گیا

سکھر میں بم کا دھماکہ کئی مقامات پر جلوس منتشر کرنے کیلئے اشک آور گیس استعمال کی گئی

۳۵۹ گرفتار

لبنان میں فلسطینی بچوں کی یہ معصوم چیخیں ان لوگوں کے لئے لمحہ فکریہ بن سکتی ہیں جو ان بچوں کا مستقبل سنوارنے کے ذمہ دار ہیں، وہ فلسطینی جو کل تک اپنی آزادی کے لئے برسرپیکار تھے لیکن آج تحریک آزادی سے منہ موڑ کر آپس میں ایک دوسرے کے خون کے پیاسے ہیں۔ پی ایل او میں خانہ جنگی کے نتیجے میں طرابلس کے ان بچوں کو فوری طور پر محفوظ مقامات تک پہنچایا جا رہا ہے کیا ان کا مستقبل محفوظ بھی رہ سکے گا یا نہیں؟

New Store in
SCARBOROUGH
3258 Lawrance Ave. East
(One block East of McCowan)

تازہ حلال گوشت • تازہ حلال مرغیاں
ہر قسم کی اعلیٰ گروسری۔ تازہ سبزیاں

SPICE TOWN
2210 Dundas Street West
(Near Jami Mosque)
Phone: (416) 532-8267

عبدالستار افغانی دوبارہ کراچی کے میئر منتخب ہو گئے

میں ووٹ دینے اور نہ دینے والوں سے یکساں انصاف کرونگا

فخر امام الیکشن ہار کر وزارت سے مستعفی ہو گئے

مولانا عبدالستار نیازی پر پابندی

جماعت اسلامی نے عوام کے بنیادی جمہوری حقوق کی خلاف ورزی ... مارشل لاء کا ساتھ دیا ہے : حنیف ...

بہار سے دس ہزار مسلمانوں کو نکالنے کا منصوبہ

قائد اعظم یونیورسٹی کے اساتذہ کو سزا سنادی گئی

حکومت کے خلاف لٹریچر رکھنے پر ۱۹۸۱ء میں گرفتار ہوئے تھے

H O M E O W N E R S

HOLD YOUR BREATH AND READ THIS.

اگر آپکے گھر کی چمنی مین کوئی خرابی ھے تو آپکے گھر کی حالت ایسے ھی ھوگی
کہ جیسے آپ خود سانس رک جانے کی کیفیت مین ھوتے ھین ۔ کیونکہ گھر گرم رکھنے کے
طریقہ مین بھی آکسیجن کو حاصل کیا اور کاربن ڈائی آکسائڈ کو خارج کیا
جاتا ھے بالکل آپکی طرح ۔
لیکن جب " فرنس " حسب ضرورت آکسیجن حاصل نہین کر پاتا اور کاربن ڈائی آکسائڈ
کو خارج ھونے کا راستہ نہین ملتا تو آپکا مکان صیح طرح سے سانس نہین لے سکتا ۔
اس طرح کاربن مونو آکسائڈ نہ پیدا ھونے سے آپ اور آپکے خاندان کیلئے خطرناک
صورت حال پیدا ھو سکتی ھے ۔ صاف اور واضح چمنی آپکے " فرنس " کے لئے بہت
ضروری ھے ۔ چمنی کی خرابی کی چند واضح نشانیاں درج ذیل ھین ۔

سیمنٹ اور اینٹوں کا اکھڑنا
چمنی کے اوپر والے حصہ مین سفید پاوڈر اور پانی کے قطروں کا ظاھر ھونا ۔
چمنی کی صفائی کے دروازے پر پانی کے قطروں کا ظاھر ھونا ۔
چمنی کی باقاعدہ حفاظت کیلئے " چمنی لائنر " کو استعمال کیجئے ۔

آپکی اپنی حفاظت اور ذھنی سکون کیلئے سالانہ طور پر کسی باقاعدہ پروفیشنل
سے چمنی کی صفائی اور ھیٹنگ کا معائنہ کروانا بہت ضروری ھے ۔ اس سے
آپ اور آپکا گھر دونوں مطمئن رھین گے ۔

Ministry of Consumer
and Commercial Relations
Ontario
Robert Elgie M.D., Minister
William Davis, Premier

پندرہ روزہ
الہلال
سٹوراٹوٹیڈ

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ

زندہ تحریریں

اسلام کی ابتداء غربت سے ہونے کا مطلب

اسلام ابتداء میں بالکل اجنبی تھا لوگ اس کو ایک نرالی اور ناموافق چیز سمجھتے تھے ۔ پھر ایک وقت ایسا آیا کہ اسلام ہی مقبول عام ہو گیا اور ہر وہ چیز اجنبی ہو گئی جو اسلام کے خلاف تھی ۔ اس کے بعد ایک وقت پھر ایسا آئے گا جب اسلام دنیا میں غریب ہو جائے گا یعنی اسی طرح سے غیر مانوس اور اجنبی ہو گا جس طرح وہ ابتداء میں تھا ...

اللہ کا ذکر بڑی چیز ہے

القرآن

(اے نبی) تلاوت کرو اس کتاب کی جو تمہاری طرف وحی کے ذریعہ بھیجی گئی ہے اور نماز قائم کرو ۔ یقیناً نماز فحش اور برے کاموں سے روکتی ہے اور اللہ کا ذکر اس سے بھی زیادہ بڑی چیز ہے ۔ اللہ جانتا ہے جو کچھ تم لوگ کرتے ہو اور اہل کتاب سے بحث نہ کرو مگر عمدہ طریقہ سے ۔

(العنکبوت : ۴۶-۴۵)

شراب کا استعمال بطور دوا کے بھی ممنوع

السنۃ

حضرت وائل الحضرمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے طارق بن سوید رضی اللہ عنہ نے شراب کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا تو آپ نے ان کو شراب پینے سے منع فرمایا ۔ انھوں نے عرض کیا میں تو اس کو دوا کے لیے استعمال کرتا ہوں ۔ آپ نے فرمایا کہ وہ دوا نہیں ہے بلکہ وہ تو بیماری ہے ۔

(صحیح مسلم)

شراب کی سرکاری فروخت؟

شراب پر پابندی کے باوجود چور دروازوں کے کھلے ہونے پر مجلس شوریٰ میں بحث کی اجازت نہ ملنے پر بھی اچھی خاصی بحث ہو گئی ۔ اس بحث کے دوران وزیر ثقافت و سیاحت جناب نیاز محمد ارباب نے اس سلسلے میں بتایا کہ امتناع شراب کے آرڈیننس کے تحت غیر ملکیوں کو ان کے ہوٹل کے کمرے میں شراب پینے کی اجازت ہے ۔ بعض ہوٹلوں کو اپنے زرمبادلہ سے محدود مقدار میں شراب درآمد کرنے کی اجازت ہے ۔ یہ ہوٹل اپنے پرانے اسٹاک میں سے شراب استعمال کرتے ہیں یا وہ اسٹاک ہے جو کسٹم حکام نے قبضے میں لیا تھا ۔ تاہم غیر ملکی اور غیر مسلم باشندوں کو ان کی خوراک کے طور پر شراب دی جاتی ہے اور انہیں صرف ہوٹلوں میں شراب مہیا کی جاتی ہے فطری طور پر ارباب صاحب کے ان انکشافات پر گرماگرم بحث ہوئی اور بجا طور پر مولانا عبدالمالک کاندھلوی نے پوچھا کہ انتظامیہ ایسے مواقع کیوں فراہم کرتی ہے جس سے چور دروازے کھل جائیں ۔

ضیاء الحق صاحب کا نفاذ اسلام کا پورا پروگرام ایسی کوتاہیوں کا مرقع ہے کہ ہر اچھے اقدام کے اطراف میں ایسی خفیہ کارروائیاں بھی رہیں جو متعلقہ اقدام کے مطلوبات کو پورا نہیں ہونے دیتیں ۔ حدود کے نفاذ کے اختیارات بدکردار اور بدعنوان پولیس کے ہاتھ میں دیئے گئے ۔ چنانچہ ان قوانین کے تحت مقدمات کا اندراج تو دھڑا دھڑ ہو رہا ہے مگر چار سال میں کسی بھی مجرم پر حد جاری نہیں ہوئی ۔ چنانچہ حدود کے شرعی قوانین معاشرے کو کسی تبدیلی کا احساس نہیں ہونے دیتے بجز اس تاثر کے کہ اسلامی قوانین پولیس کی رشوت کے نرخ ڈبل کر لینے کی زبردست صلاحیت رکھتے ہیں اس صورت حال نے عامۃ الناس کو اسلامی قوانین کی برکتوں کا احساس دینے کی بجائے انہیں ان سے بیزار کر دینے کا کام کیا ہے ۔

امتناع شراب کا معاملہ بھی مینگنیاں ڈال کر دودھ دینے کا سا رہا ہے کہ شہرہ تو امتناع شراب کا ہوا مگر درون خانہ شراب کے استعمال کے جاری رہنے کے لیے دو جوڑ چور دروازے کھول دیئے گئے ۔ ان میں سب سے بڑا غیر ملکیوں اور غیر مسلموں کے لیے شراب کا استعمال روا رکھنا ہے ۔ اس رخصت نے محض شراب کی چند بوتلوں کے عوض غیر ملکی سفارت خانوں کے لیے اپنا ایجنٹ حاصل کرنے کی سہولت بھی پیدا کر دی چنانچہ امتناع شراب کے بعد سے بعض ایسے ممالک کے سفارت خانوں میں نام نہاد ثقافتی سرگرمیاں بڑھ گئی ہیں ۔ جہاں شراب پانے کے لالچ میں بدکردار پاکستانی کشاں کشاں پہنچتے ہیں اور اپنی خدمات ہر طرح کے مذموم مقاصد کے لیے محض شراب کے عوض بیچتے ہیں ۔



آمریت کے خاتمے کیلئے قوم کی ذمہ داری

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ کی یہ اہم تقریر ہم لاہور سے شائع ہونے والے جریدے "پاکستان" کے شکریہ کے ساتھ شائع کر رہے ہیں ۔

ہر شخص اس بات کو جانتا ہے کہ اگر کسی جائیداد کو کچھ لوگوں نے مل کر خریدا ہو یا کسی کاروبار کو کچھ لوگوں نے مل کر شروع کیا ہو اور اس میں اپنا سرمایہ لگایا ہو اس کو قائم کرنے میں محنت صرف کی ہو تو درحقیقت اس جائیداد یا اس کاروبار کے مالک وہی لوگ ہوں گے جن کا سرمایہ اس میں لگا ہے اور جن کی محنت اس میں صرف ہوئی ہے ...

جانتے ہیں ۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ ان کا سرمایہ آج تک اس میں لگا ہوا ہے ...

بقیہ صفحہ ۳ پر

جیتی جاگتی زندگی ——— شی فرخ آپ کے نفسیاتی مسائل کا حل پیش کرتی ہیں

اُس کا اِنکار میرے لئے ناقابلِ برداشت ہے

میری بیٹی ثلاثہ پیار سے بہت مجھ تک ہے۔ مرا اصلی میرے میاں، والدین کے اکلوتے تھے۔ اس نے پوتی کو بہت توجہ دی۔ وہ میرا کہا بالکل نہیں مانتی۔ میری عادت ہے کہ اس کا انکار برداشت نہیں کر سکتی۔ مجھے اپنی طبیعت پر بہت قابو تھا لیکن خدا جانے اب مجھے کیا ہو گیا ہے۔ مجھے بچی پر بے تحاشا غصہ آتا ہے۔ اور پیسے اندھا دھند پیٹنے لگتی ہوں۔ مجھے معلوم ہے کہ آئندہ زندگی میں بچی پر اس کا برا اثر پڑے گا لیکن مجھ پر تو جیسے بھوت سوار ہو جاتا ہے۔ بعد میں افسوس کرتی ہوں۔ اسے پیار کرتی ہوں اور اپنے آپ سے وعدہ کرتی ہوں کہ آئندہ ایسا نہیں کروں گی۔ مگر اس پر قائم نہیں رہ سکتی۔

اب بچی بڑوں کے بیچ میں بولتی ہے۔ دادی کو گالیاں دیتی ہے۔ پھر میں اس پر چلاتی ہوں۔ ڈاکٹر نے ادویہ تجویز کی ہیں لیکن اگر میں یہ کھا کر سوتی تو کام کون کرے گا۔ اور بچے کون سنبھالے گا۔

میری عائلی زندگی ٹھیک ٹھاک ہے۔ ہم میاں بیوی میں کبھی کبھار کوئی جھڑپ ہو جائے تو آدھے گھنٹے بعد صلح ہو جاتی ہے۔

م۔ گ۔

اپنے کئے کا علاج نہیں



مولانا مودودی صفحہ ۳ سے آگے

Invitation to
all Muslims
an anouncement of
Opening Ceremony of
MOSQUE
Alhamdulillah, the **Jamiatul Muslemin of Toronto** has purchased the Mosque at the price of 4695,000.00 at **1015 Danforth Ave.** near Donlands Subway.
The **FIRST SALAT** of this New Mosque on **Friday, November 25, 1983**, Islamic Date 21st Safar, 1404 at **1.00PM**
formal ceremony on **November 27, 1983** at **1.00PM**
For more information, please call
Moulana Khalil Ahmed (416) 431-4615
Jamiatul Muslemin (416) 465-7833

ادب و ثقافت

پنڈی پوائنٹ — منصور رقیمہ

شفیق الرحمٰن خود چوری ہو گئے

چند برس پہلے راولپنڈی صدر کے علاقے میں پرانی کتابوں اور رسالوں کا ایک "حقہ بازار" لگا کرتا تھا۔ اسے صدیق نامی ایک شخص نے شروع کیا تھا۔ شروع میں تو یہ کتابیں بھی ارزاں نرخوں پر مل جایا کرتی تھیں لیکن پھر یہ ہوا کہ ایک تو صدیق بھی کتاب کی اہمیت کو سمجھ گیا اور دوسرا یہ کہ اس کی دیکھا دیکھی دوسرے دوکانداروں نے بھی کتابیں سجانا شروع کر دیں۔ جب کمیٹی کا دن جمعہ مقرر ہوا تو کتابوں کا حقہ بازار بھی جمعہ بازار ہو گیا۔ فرق صرف یہ پڑا کہ دوکانوں میں اضافہ کے ساتھ ساتھ دوکانداروں کے لالچ میں بھی اضافہ ہو گیا۔ اگرچہ کچھ لوگ اب بھی پرانے شوق کے تحت اس جمعہ بازار میں وقت گزارتے ہیں لیکن کتاب عموماً کسی یک خیال سے نہیں خریدتے ہیں کیونکہ نئی کتاب سیکنڈ ہینڈ سے ارزاں ملتی ہے۔

پرانی کتابوں کے اس جمعہ بازار کے پرانے خریداروں میں سے ایک شفیق الرحمان بھی ہیں۔ میری ان سے پہلی ملاقات بھی صدیق کی اسی شاپ پر اس وقت ہوئی تھی جب وہ ابھی کرنل تھے۔ وہیں فٹ پاتھ پر گاہے گاہے جعفر طاہر، یوسف ظفر، منو بھائی، شفقت تنویر مرزا، رشید امجد اور صدیق سالک سے بھی ملاقات ہو جایا کرتی بڑی دلچسپ محفل رہتی۔

شفیق الرحمان اکادمی کے عہدے سے ریٹائرڈ ہو کر اب اکادمی ادبیات پاکستان کے چیئرمین بھی نہیں رہے ہیں لیکن پرانی کتابوں کی ہیرا پھیری سے باز نہیں آتے۔ ان کی اس کمزوری کا فائدہ بھی دوکاندار اٹھاتے ہیں ... کاروبار کرتے ہیں۔

صدیقی ایسے کہا ... دوکاندار کو پرانے گاہکوں سے ذوق ...

محمد علی صدیقی کی یورپ، امریکہ کے دورے سے واپسی

تازہ بہ تازہ

غلام عباس کا کتب خانہ

معلوم ہوا ہے کہ معروف افسانہ نگار غلام عباس مرحوم کا کتب خانہ ان کے ورثا کتب خانہ عامہ کراچی کو دے رہے ہیں اس مقصد کے لئے ان دنوں اس کتب خانہ کے ذخیرۂ کتب کی فہرست تیار کی جا رہی ہے۔ اس ذخیرۂ کتب میں بعض نہایت اہم اور نادر و نایاب کتابیں شامل ہیں۔ علامہ اقبال کی تصانیف کے اولین ایڈیشن اور مرحوم غلام عباس کی ذاتی ڈائریاں اس کتب خانہ کا اہم اثاثہ ہیں۔

"پر سبیل سفر" پر انعام دیا گیا

پروفیسر ریاض احمد ریاض کی تصنیف "بر سبیل سفر" پر سرگودھا تعلیمی بورڈ نے پہلا انعام دینے کا اعلان کیا ہے۔ یہ کتاب گزشتہ سال شائع ہوئی تھی اور اس میں مصنف کا سفر یورپ و امریکہ ہے جسے انہوں نے شگفتہ اور دل نشین انداز میں تحریر کیا تھا۔

میجر آفتاب حسن

میجر آفتاب حسن چند روز قبل امریکہ سے واپس کراچی پہنچ گئے ہیں۔ آپ حسب سابق سائنٹفک سوسائٹی پاکستان ... کا کامیاب آپریشن کیا گیا۔

"پہچان" کی تعارفی تقریب

حیدرآباد ... آرٹس کونسل کے تعاون سے جناب قریشی کے شعری مجموعہ "پہچان" کی تعارفی تقریب ۱۳ دسمبر ... انوار شام ... بعد زیر صدارت محترم ... آرٹس کونسل ... منعقد ہو رہی ہے جس میں ... بحیثیت خصوصی مہمان کے شریک ہوں گے۔ اس موقع پر جناب ... ڈاکٹر ... جناب احمد ... اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

سردار شید دیال سکینہ کی رحلت

بھارت میں اردو اور ہندی کے ایک معروف ادیب، شاعر اور صحافی سر دار شید دیال سکینہ کا گزشتہ دنوں انتقال ہو گیا۔ موصوف کئی کتابوں کے مصنف اور ایک رسالہ ... کے مدیر تھے۔ ...

ادارہ قومی زبان کے سیکریٹری کا تقرر

باخبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ ادارہ قومی زبان ... مقتدرہ قومی زبان کے سیکریٹری کے عہدے پر ... کا تقرر عمل میں آ رہا ہے۔ اس مقتدرہ کے تحت موصوف ... کام کر رہے تھے ... لاہور کے روزنامہ "نوائے وقت" ... کالم لکھنے کی بنا پر شہرت رکھتے تھے۔ ... کہ مقتدرہ کے سیکریٹری کی حیثیت سے ...

عالم خوندمیری کا انتقال

حیدرآباد دکن (بھارت) میں ممتاز دانشور، ادیب اور اقبالیات کے عالم پروفیسر عالم خوندمیری گزشتہ دنوں اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ مرحوم بھارت کے ممتاز عالم، نقاد، ادیب اور دانشور کی حیثیت سے احترام کی نظروں سے دیکھے جاتے تھے۔ ادب، اقبالیات اور مسلمانان ہند کے مسائل پر کئی اہم کتابیں اور متعدد مقالات ان سے یادگار ہیں۔

کنول انعام

... ادیبوں کی تنظیم "اردو ... الیوسی ایشن" نے بھارت میں اردو کے ایک معروف شاعر کیفی اعظمی کو اس سال ادب کا "کنول انعام" (LOTUS-PRIZE) دیا ہے۔ انعام ... ادیب یا شاعر کو شراکت کے لئے ان کی خدمات کے عوض دیا جاتا ہے۔

واضح رہے کہ اس تنظیم کے تحت "کنول" (LOTUS) کے نام سے ایک ادبی جریدہ شائع ہوتا ہے جس کے مدیر فیض احمد فیض بھی رہ چکے ہیں۔ کیفی اعظمی ان دنوں ...

بھارت سے

گوشۂ ...

بھارتی کتابوں کے پاکستانی ایڈیشن

حسین مہدی کی آمد

حالِ دلِ ما

نیّر جہاں (لاس اینجلس)

مرے چمن میں کبھی جو آؤ
گئی رتوں کی تمہیں گواہی
گرے ہوئے پھول دے تو دینگے
لرزتی سوکھی سیاہ شاخیں
جھلکتی شاداب ٹہنیوں کا سُراغ دیں گی
چٹختی بے جان خشک مٹی
وصالِ باراں کی داستانیں
سُنا تو دے گی
مگر وہ اک آشیاں کہ جس میں
محبتوں کے، رفاقتوں کے
چراغ جلتے رہے تھے برسوں
وہ آشیاں بے نشاں ہوا ہے

سلسلۂ ہدایت

خدا داد ذہانت اور ذاتی شوق سے صرف ۷ سال کی عمر میں قرآن پاک کا پہلا دور مکمل کرنے والے فراز احمد ولد اسمعیل میمن "آمین" کی تقریب میں اپنے استاد جناب قاضی امین بخش کی موجودگی میں اس مبارک و موقر تقریب کے شرکاء کے سامنے قرآن پاک کی تلاوت کر رہے ہیں ۔

آسٹریلیا کے خلاف پہلے ٹیسٹ میں ہی پاکستان کو اننگز کی شکست

رکھیں نے تباہی مچادی، قاسم عمر اور جاوید میانداد کی پر عزم بیٹنگ بھی کام نہ آئی



پانچواں چیمپئن ٹرافی ٹورنامنٹ آسٹریلیا نے جیت لیا

پاکستانی ٹیم ہالینڈ کے ہاتھوں دو کے مقابلے میں تین گول سے شکست کھا گئی

مولانا نورانی خانہ شریف میں بیٹھ گئے

بنگلہ دیش میں عام ہڑتال جنرل ارشاد کے حامیوں کی املاک نذر آتش

ریلوے لائنوں پر رکاوٹیں کھڑی کر کے ٹرینوں کی آمد و رفت روک دی گئی

عوام نے حکومت کے خلاف فیصلہ دے دیا ہے سیاسی رہنماؤں کا بیان

نئے ڈیزائن کے پاسپورٹ جاری ہوں گے

عمران خان کا عارضہ نفسیاتی ہے

بی بی سی کا تبصرہ

مختصر اشتہارات

مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف سے ڈالر ہے جس کی ادائیگی پیشگی ضروری ہے

لندن انگلینڈ میں مقیم ۳۵ سالہ لیڈی ڈاکٹر کے لئے ڈاکٹر، انجینئر یا پروفیشنل کا رشتہ مطلوب ہے ۔ خواہشمند حضرات تفصیلات کیلئے الہلال کی معرفت رجوع کریں ۔
S.H. c/o al-Hilal

۲۹ سالہ گریجویٹ پاکستانی لڑکی کے لئے چالیس تا چھیالیس سالہ تعلیمیافتہ پاکستانی کا رشتہ مطلوب ہے تفصیلات کے لئے خط لکھئے ۔
P.O. Box 1023
Williamsville
NY 14221, USA

ایک ۲۷ سالہ شریف متمول مسلم خاندان کی خوبصورت، امور خانہ داری میں خصوصی مہارت، مشرق و مغرب کی اقدار کی حامل، مہذب دوشیزہ کیلئے مناسب رشتہ مطلوب ہے ۔ الہلال کی معرفت رجوع کیجئے
A. Javed
c/o al-Hilal

اسلامی اقدار کے حامل اخلاقی و معیاری رشتوں کے خواہشمند مندرجہ ذیل پتہ پر اعتماد کے ساتھ لکھیں ۔ (خدمات فی سبیل اللہ ہیں)
Br. Hasan,
P.O. Box 503,
Station 'A',
Toronto, Ont.
M5W 1E4

When Buying or Selling
REAL ESTATE
Call the Professionals, at
Eastern United Realty Inc.

Younus M. Khan
Real Estate Broker

We offer complete Real Estate services, Specializing in ....
- Residential & Commercial properties
- Mortgages arranged/bought and sold
- Management for absenteeowner
- Free Market Evaluation of your present home at no obligation

We speak your language. Call now for a convenient appointment.

Eastern United Realty Inc.
1814A Eglinton Avenue East, #208
(Golden Mile Plaza at Victoria Park)
Scarborough, Ontario M1L 2L2
Tel: Bus. (416) 752-5503 Res. 422-5646

Residential Plot for SALE by owner in KARACHI
1000 Sq. Yds. Plot located in Defence Housing Society Phase 4. Excellent location close to Abbidy's Palace & Saudi Consulate.
Asking Fifty Thousand Dollars. If interested
Pl. Phone (403) 467-0338
or write to:
A. Siddiqui
100 Woodbine Road
Sherwood Park
Alberta T8I 4A4

Shiblee Canada
Letter Press/Off Set Printing
Photocopy
Ask us about Labels & Tags
110-220 Portable Radio & Cassette Recorders
Audio/Video Cassettes
VCR Movie Rental
ہندوستانی و پاکستانی ویڈیو فلمز کرایہ پر حاصل کرنے کیلئے تشریف لائیے
رجوع فرمائیں
Try us for
Courteous Service and Satisfaction Guaranteed
Mon — Sat. 10am - 6pm
988 Danforth Ave (at Donlands)
Toronto, Ont. M4J 1L9
(416) 465-9726

صاحبزادہ یعقوب کے بیان پر بھارت کی برہمی، سفیر پاکستان کو دفتر خارجہ طلب کر لیا گیا

ایم آر ڈی کی تحریک کو اکسانے کا الزام بے بنیاد ہے۔ ارکان شوریٰ کے بیانات بھی قابل اعتراض ہیں، صاحبزادہ یعقوب نے سفارتخانہ پر مظاہرے کی مذمت کی۔ ایک رکن شوریٰ نے خالصتان تحریک کی حمایت کا مطالبہ کیا۔

اسلام آباد میں بھارتی سفیر کی نقل و حرکت پر پابندی لگا دی گئی

ہم پاکستانی سفیر جیسی پابندی نہیں لگائیں گے، ریاض پراچہ سے بھارتی سیکرٹری خارجہ کی گفتگو

بنگلہ دیش میں سیاسی سرگرمیاں بحال کر دی گئیں، انتخابی شیڈول کا اعلان

حزب اختلاف میری رواداری سے غلط نتیجہ اخذ نہ کرے

میں تمام سیاسی جماعتوں سے بات چیت کیلئے تیار ہوں: فوجی حکمران کا قوم سے خطاب

جماعت اسلامی نے عام انتخابات کیلئے منصوبہ بندی اور تیاری کا کام شروع کر دیا

چوہدری رحمت الٰہی کی سربراہی میں ۷ رکنی الیکشن کمیٹی کا قیام۔ جماعت غیر جماعتی انتخابات میں احتجاجاً حصہ لے گی

۷ جماعتوں کا نیا سیاسی اتحاد دس ماہ قائم ہو جائے گا

سیاسی رہنماؤں کا مشترکہ اجلاس اسی ہفتہ لاہور میں ہو رہا ہے

اجلاس میں اتحاد کو آخری شکل دی جائے گی۔ مسلم لیگ، جماعت اسلامی، تحریک ... شامل ہیں

پانچ جماعتوں کے اجلاس میں مشترکہ مجلس عمل ختم نبوت کی تشکیل کا فیصلہ

SALE

Side Veal & Beaf Side $1.45

Front quarter $1.25 (per pound)

Leg meat $1.79 (per pound)

Boneless meat $2.69 (per pound)

Mince meat $1.79 (per pound)

SALE الفلاح SALE

Goat & Lamb meat $1.39 (per pound)

ALFALAH GROCER

2783 Dundas St. West

Toronto, Tel. 762-1633

جدہ ۔ راولپنڈی ۔ لاہور ۔ لندن ۔ بمبئی ۔ دہلی ۔ ڈھاکہ



ٹکٹ اور دوسری معلومات کے لئے

ہماری خدمات حاضر ہیں

M & J TRAVEL

1240 BAY STREET

TORONTO, ONTARIO M5R 2A7

TEL. 960-83[illegible] / 960-8475

Please Visit For

Halal Meat & Spices

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی پہلی دکان

AFRO ASIAN

918 PAPE AVENUE

TORONTO

PHONE: 463-1287

fortnightly **al-Hilal** Vol.12 No.17 November 25, 1983 Ph: (416) 474-9292, 493-4374 50 ¢
338 Hollyberry Trail Willowdale, Ont. Canada M2H 2P6
Editor: **S. Sajjad Hyder**
Managing Dir. **M. Lateef Owaisi**

تشدد ایم آر ڈی نے شروع کیا، قانون نافذ کرنے والے اداروں نے نہیں۔ محمود ہارون

تحریک چلانے والے اپنے بیرونی آقاؤں کے مقاصد پورے کرنا اور پرامن انتقال اقتدار کی راہ روکنا چاہتے تھے۔ تحریک ناکام ہو گئی ہے

سندھ کے دیہات کا محاصرہ نہیں کیا گیا، صورت حال بہتر ہو گئی

ایم آر ڈی اب ڈاکوؤں اور مزدوروں کو اکسا رہی ہے۔ ڈاکوؤں کی حمایت حاصل کرنے کی کوشش بھی کی گئی

مرتضیٰ جتوئی نے کوئی جرم نہیں کیا تو وہ چھپا ہوا کیوں ہے؟

پاکستانی سائنسدان پر ایٹمی راز حاصل کرنے کا الزام

ہالینڈ کی عدالت نے ڈاکٹر عبدالقادر کو سزائے قید سنا دی

میں نے کوئی جرم نہیں کیا: ڈاکٹر قادر

ایران نے جنگ بندی کے لئے سلامتی کونسل کی قرارداد مسترد کر دی

سلامتی کونسل کا اب اعتبار نہیں رہا، میری قرارداد میں کیا خرابی تھی؟ سعید خراسانی

پاکستان بھارت سے متناسب فوجی قوت کا سمجھوتہ کرنے کیلئے تیار ہے

بھارت امریکہ سے ۵ ارب ڈالر کا اسلحہ لے چکا ہے

پاکستان اسلحہ کی دوڑ میں اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا

اندرا گاندھی کے بیانات باہمی تعلقات کیلئے نقصان دہ ہوں گے

یوسف رضا گیلانی ضلع کونسل ملتان کے چیئرمین منتخب ہو گئے۔ وفاقی وزیر فخر امام کو شکست

خاکوانی ملتان کے اور میاں شجاع الرحمن لاہور کے میئر منتخب ہو گئے۔ پنجاب میں بلدیاتی عہدوں پر انتخابات مکمل

نوجوان ڈاکٹروں کی بھوک ہڑتال

بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان
پندرہ روزہ
الہلال
ٹورانٹو (کینیڈا)
سالانہ زر خریداری (برائے الہلال) ۱۷ ڈالر
سالانہ زر خریداری (برائے کریسنٹ) ۲۰ ڈالر
سالانہ زر خریداری (برائے الہلال و کریسنٹ) ۳۵ ڈالر
Name ....
Address ....
Postal Code .... Telephone ....
زر خریداری کا چیک کریسنٹ کے نام لکھیے اور پتہ ذیل پر بھیجئے
338 Hollyberry Trail, Willowdale, Toronto, Ontario
Canada M2H 2P6 Phone: (416) 424-1989/493-4374
اگر آپ اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی) بطور نمونہ حاصل کرنا چاہیں تو یہاں نشان لگائیے →

میر عبدالستار افغانی کامیابی کے بعد ... کے کاندھوں پر